ABC CERTIFIED | DAILY SADA-E-OLAS QUETTA | REG NO. 2399

عوام کی آواز

روزنامہ صدائے اولس کوئٹہ

جلد: آغا عابد

جلد نمبر 21 | جمعہ 9 مئی 2025ء | 11 ذوالقعدہ 1446ھ | قیمت 5/ صفحات 4 | Ph: 2865556 | Fax: 2834746 | Member of APNS | شمارہ نمبر 205

بھارتی ڈرونز کے حملوں میں تین سویلین شہید ہوئے ، بھارت کو فلمی دنیا سے باہر نکلنا ہوگا، ترجمان پاک فوج

پاکستان جب بھارت پر حملہ کریگا تو دنیا میں اسکی گونج ہوگی آئی ایس پی آر

پاکستان بھارت سے آنے والی ہر شے کو مانیٹر کر رہا ہے، آج گرائے جانے والے 29 بھارتی ڈرونز کا معائنہ اور فرانزک کروایا جا رہا ہے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ بھارت نے گزشتہ شب چار میزائل امرتسر پر فائر کیے اور اپنی ہی تنصیبات کو نشانہ بنا کر پاکستان پر الزام لگایا، پاکستان جب حملہ کرے گا تو اس کی گونج دنیا بھر میں سنی جائے گی۔ اسلام آباد میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر احمد شریف چوہدری نے کہا کہ بھارت کی جانب سے فائر کیے گئے میزائل پر نظر رکھی گئی، انڈیا سے جو بھی (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

بھارت پاکستان کا ازلی دشمن، ایسا ہمسایہ پاکستان کو ذہنی طور پر قبول نہیں کیا، پرویز اشرف

سعودی حکومت اہتجا پسند تنظیم آر ایس ایس کا سیاسی ونگ ہے، پاکستان کو اس وقت ایسے دشمن کا سامنا ہے

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی کے اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے سابق وزیراعظم راجہ پرویز اشرف نے کہا ہے کہ بھارت پاکستان کا ازلی دشمن ہے ، ایسا ہمسایہ ہے جس نے (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

بھارت کی جانب سے اشتعال انگیزی کا منہ توڑ جواب دیا جائے، حافظ نعیم

لاہور (سی ایم لنکس) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے اعلان کیا ہے کہ (آج) جمعہ 9 مئی کو (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

بھارت کے ہر بزدلانہ حملہ کا دنداں شکن جواب دیا جائے گا، ثمینہ ممتاز زہری

کوئٹہ (آن لائن) مکار بھارت اپنی سازشوں کے جال میں خود ہی پھنس گیا ہے جبکہ عالمی سطح پر (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

مولانا فضل الرحمان کا 9 مئی کو یوم دفاع وطن منانے کا اعلان

اسلام آباد (جی این ایم) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے 9 مئی کو یوم دفاع وطن (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

فیصل آباد، وفاقی وزیر تجارت جام کامل خان کو ایف سی سی آئی کے صدر ریحان نسیم بھرارہ سوینئر دے رہے ہیں

مشکاف میں 11 ہزار کے وی لائن سچ ہونے سے چار مزدور جھلس کر زخمی

ڈھاڈر (آن لائن) مشکاف میں 11 ہزار کے وی لائن سچ ہونے سے چار مزدور جھلس کر زخمی زخمیوں میں ایک کی حالت تشویشناک ہے، مزدور بھوسہ سے بھرے ٹرک پر چڑھتے ہی بجلی لائن سے سچ ہوئے ایم ایس ڈاکٹر محمد زاہد نے کہا کہ تین زخمی مزدوروں کو سول ہسپتال ڈھاڈر میں طبی امداد دی گئی ایک مزدور کی حالت تشویشناک ہے (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

خاران ٹو ہیسمہ روڈ کی تعمیر سے تجارتی وسفری سہولتیں بہتر ہوں گی، میر شعیب نوشیروانی

سب کیمپس خاران کے لیے ڈھائی کروڑ جاری، مسائل ترجیحات میں شامل ہیں

خاران (نامہ نگار) صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات | میر شعیب نوشیروانی (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

جنگلات اور جنگلی حیات کا تحفظ صرف محکمہ ہی نہیں، حیات عبدالفتح بھنگر

حالیہ چند سالوں سے ہونیوالی موسمیاتی تبدیلیاں خطے کو شدید متاثر کر رہی ہیں

کوئٹہ (اے این این) سیکرٹری محکمہ جنگلات وجنگلی حیات عبدالفتح بھنگر کی زیر صدارت گزشتہ روز | اجلاس ہوا جس میں سول سوسائٹی محکمہ جنگلات وجنگلی حیات کے چیف کنزرویٹر (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

بھارت کی دراندازی کی کوشش ناکام بنا کر 29 ڈرونز گرا دیے، پاک فوج

پاکستان اپنے شہریوں کی حفاظت کیلئے پرعزم ہے، شہریوں کو گھبرانے کی ضرورت نہیں، پاک افواج دفاع کے لیے پرعزم ہیں، اسحاق ڈار

پاک فضائیہ نے 75 سے 80 بھارتی طیاروں کا مقابلہ کیا، وہ واضح مثال ہے، بھارت کے کسی بھی مس ایڈونچر کا بھرپور جواب دیا جائیگا

اسلام آباد (آن لائن) پاک فوج کے محکمہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے ڈائریکٹر جنرل لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ آج | پاکستان میں داخل ہونے والے تمام ڈرونز کو بھی دیکھ لیا گیا تھا اور 29 ڈرونز کو مار گرایا تاہم ایک ڈرون حملے میں ہمارے 4 جوان زخمی ہوئے، ڈرون حملوں میں 3 شہریوں کی شہادتیں بھی ہوئی ہیں اور 4 زخمی ہیں۔ رافیل طیاروں کا ملبہ بھارت نے خود اکٹھا کیا تھا مگر ڈرونز کا ملبہ ہم نے جمع کیا ہے، یہ ایسے ہی ہے 2019 میں انہوں نے چائے یہاں آکر پی تھی، 6 اور 7 مئی کی درمیانی رات کو چائے ہم نے خود وہاں بھجوائی ہے۔ بھارت نے نکانہ صاحب میں سکھوں کے مقدس مقام کو ڈرون سے نشانہ بنانے کی کوشش کی جو ناکام ناقابل قبول ہے، سوال یہ ہے کہ بھارت مذہبی مقاما (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

بھارتی جارحیت کیخلاف وکلاء میدان میں آگئے

اسلام آباد (آن لائن) بھارتی جارحیت کیخلاف وکلاء میدان میں آگئے، پاک فوج کی حمایت کیلئے وکلاء کی سپریم کورٹ سے پارلیمنٹ ہاؤس تک ریلی نکالی گئی، وکلاء کی بڑی تعداد نے ریلی میں شرکت کی، پاکستان بار، سپریم کورٹ بار، اسلام آباد ہائیکورٹ بار سمیت دیگر وکلاء تنظیمیں ریلی میں شریک تھیں اس دوران وکلاء وکلاء نے (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

چاغی میں فائرنگ کا واقعہ، 2 اہلکار جاں بحق

کلی داودی میں موٹر سائیکل سوار نامعلوم افراد کی فائرنگ سے اہلکاروں کی جان لی گئی

چاغی (یو این اے) چاغی تحصیل کے بازار سے | خریداری کے بعد کیمپ (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

بھارتی جارحیت بالخصوص سویلین آبادیوں کو میزائلوں سے نشانہ بنانا انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے بھارت کی جارحیت بالخصوص سویلین آبادیوں کو میزائلوں سے نشانہ بنانے کی مذمت کرتے ہوئے اسے انتہائی قابل اعتراض اقدام (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی مولوی نوراللہ ملاقات کر رہے ہیں

بھارتی میزائل حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، کوہیار ڈومکی

بھارت کا جنگی جنون جنوبی ایشیا کو تباہی کی طرف دھکیل رہا ہے، صوبائی وزیر

بی (جی این ایم) صوبائی وزیر سردار کوہیار خان | ڈومکی نے بھارت کی (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

آصف زرداری سے نواب ثناءاللہ زہری اور امیر حمزہ زہری کی ملاقات

بلوچستان کے عوامی مسائل، ترقیاتی امور اور پارٹی معاملات پر تفصیلی مشاورت کی گئی

اسلام آباد، کوئٹہ (جی این ایم) صدر مملکت آصف علی | زرداری سے سابق (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

پاکستان نے پہلگام واقعہ کی معتبر عالمی تحقیقات کا مطالبہ کیا لیکن بھارت نے پاکستان کی خودمختاری کی خلاف ورزی کی

پاکستان نے ہمیشہ امن کا پیغام بھیجا ہے، صوبائی وزراء

حاجی علی مدد جتک، اراکین اسمبلی شیخ زرک مندوخیل، سردار مسعود لونی، بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری سینیٹر منظور کاکڑ

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی اور سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ پاک بھارت کشیدگی ایک المیہ ہے اور یہ بھارت کی ہٹ دھرمی کی واضح ثبوت ہے پاکستان نے ہمیشہ امن کا پیغام بھیجا ہے لیکن نہ جانے کس کے اشارے یا وہ کونسے وجوہات ہے جو ہمیشہ حالات خراب کرنے کیلئے بیانات دیتے ہیں اور اب پاکستان کے مختلف علاقوں میں معصوم لوگوں کو ٹارگٹ بنا کر حملے کر رہی ہے پاکستان نے آخر تک پرامن ماحول بنانے کی کوشش کی لیکن جب بھارت نے قدم اٹھایا تو پاکستان نے ان کے تمام سازش بلکہ ان کی طیاروں کو ایسا مارا جیسا کوئی شکار کرنے کیلئے تھے اب بھی وقت ہے کہ انڈیا اپنا زبان بند اور پرامن ماحول پیدا کرنے کیلئے آگے آجائے ورنہ ناکامی اور رسوائی ان کا مقدر تھا اور رہے (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

بھارتی جنگی جنون پوری دنیا کے امن کو خطرہ ہے، وڈیرہ میاں خان بگٹی

بھارت کے حملے کا منہ توڑ جواب دیکر افواج پاکستان نے قوم کا سر فخر سے اونچا کر دیا، بات چیت

بی (نامہ نگار) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے پیٹرولیم اینڈ انرجی و پاکستان مسلم لیگ (ن) کے | مرکزی رہنما وڈیرہ میاں خان بگٹی نے کہا ہے کہ وہ آفیسر و جوان قوم کا فخر ہو (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

وفاقی وزیر رانا تنویر حسین سے سینیٹر پرویز رشید کی ملاقات

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

واہگہ بارڈر، گورنر سندھ نے مکا لہرا کر بھارت کو للکارا

پائلٹس کو سلام پیش کرتا ہوں، جنہوں نے بھارت کے پانچ طیارے مار گرائے، کامران ٹیسوری

کراچی (جی این ایم) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے اپنی اہلیہ، 2 سالہ بیٹے سمیت دونوں بیٹوں اور بیٹی کے ساتھ واہگہ بارڈر پر پریڈ دیکھی۔ انہوں نے جوانوں کا خون خوب گرمایا، انہیں داد بھی دی اور مکا لہرا کر بھارت کو للکارا۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کامران خان ٹیسوری نے کہا کہ بھارت نے حملے میں شہریوں کو نشانہ بنایا۔ گورنر سندھ نے کہا کہ سپہ سالار جنرل سید حافظ عاصم منیر کو سلام پیش کرتا ہوں، جنہوں نے بھارت کو منہ توڑ جواب دیا۔ انہوں نے (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

اسلام آباد، جسٹس محمد علی مظہر نیشنل جوڈیشل آٹومیشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان ایک پُرامن ملک ہے، مینا مجید بلوچ

بھارت نے ہمیشہ امن کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کی ہے اور یہ حالیہ کارروائی بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے

کوئٹہ (جی این ایم) صوبائی مشیر برائے کھیل وامور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ نے پاکستان اور بھارت کے درمیان حالیہ کشیدگی کے تناظر میں بھارتی افواج کی جانب سے رات کی تاریکی میں نہتے اور معصوم پاکستانی شہریوں پر حملے کو شدید الفاظ میں تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اقدام نہ صرف بین الاقوامی قوانین کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے بلکہ یہ بھارت کی بز (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

واہگہ بارڈر، گورنر سندھ نے مکا لہرا کر بھارت کو للکارا

پائلٹس کو سلام پیش کرتا ہوں، جنہوں نے بھارت کے پانچ طیارے مار گرائے، کامران ٹیسوری

کراچی (جی این ایم) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا کہ بھارت نے حملے میں شہریوں کو نشانہ بنایا۔ گورنر سندھ نے کہا کہ سپہ سالار جنرل سید حافظ عاصم منیر کو سلام پیش کرتا ہوں، جنہوں نے بھارت کو منہ توڑ جواب دیا۔ انہوں نے (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

پاکستان آئی ایم ایف کی بیشتر شرائط پوری کرنے میں کامیاب

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان آئی ایم ایف کی بیشتر شرائط پوری کرنے میں کامیاب ہوگیا، موجودہ مالی سال کے پہلے 9 ماہ کی آمدن واخراجات کی تفصیلات جاری کردی گئیں (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

بھارت کی جارحیت پر ترکی پاکستان کے ساتھ کھڑا ہے: صدر اردوان

اسلام آباد/انقرہ (سی ایم لنکس) ترکی کے صدر جب طیب اردوان نے وزیراعظم شہباز شریف سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا اور بھارت کی جانب سے پاکستان اور آزاد کشمیر پر میزا (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

وزیراعظم نے ترک صدر کو بھارتی حملوں کی تفصیلات سے آگاہ کردیا

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف نے ترک صدر رجب طیب ا (باقی صفحہ 2 نمبر 34)

روداں مالی سال ملک میں معاشی استحکام آیا ہے، احسن اقبال

مسلح افواج ہر دم چوکس ہیں، بزدل دشمن اپنی خفت مٹانے کے لئے اب ڈرون بھیج رہا ہے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر ترقی ومنصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ بزدل بھارت نے | رات کی تاریکی میں چھپ کر حملہ کیا، مسلح افواج نے بزدل دشمن کو منہ توڑ (باقی صفحہ 2 نمبر 37)

وفاقی وزیر اعلیٰ بلوچستان سے رکن صوبائی اسمبلی مولوی نوراللہ ملاقات کر رہے ہیں

آپریشن سندور یہ بہت ہی عجیب اور بالی وڈ اسکرپٹ ہے، نفیسہ شاہ

ہمیں سیاسی اتفاق رائے قائم کرنا ہے، ایک اے پی سی بلا لیں، پی پی رہنما نے اس آپریشن کو نام دیا ہے آپریشن سندور یہ بہت ہی عجیب اور بالی وڈ (باقی صفحہ 2 نمبر 35)

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی کے اجلاس میں | پیپلز پارٹی کی سینئر رہنما نفیسہ شاہ نے کہا کہ بھارت

حکومت کے ان اقدامات کا مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر صحت کی بہترین سہولیات فراہم کرنا ہے، میر سرفراز بگٹی

ڈاکٹرز کی ہڑتال میں کسی قسم کی تاخیری گنجائش نہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

صوبائی حکومت کی ترجیحات میں بہترین طبی سہولیات کی فراہمی سرفہرست ہے حکومت کے ان اقدامات کا مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر صحت کی بہترین سہولیات فراہم کرنا ہے

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی حکومت اور انڈس ہسپتال کے تعاون سے صوبے میں طبی سہولیات کی فراہمی پر پیشرفت سے متعلق جائزہ اجلاس یہاں منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، چیف سیکریٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکریٹری صحت مجیب الرحمن پانیزئی اور ڈی جی صحت ڈاکٹر امین خان مندوخیل سمیت انڈس ہسپتال کے حکام نے بعذریہ وڈیو لنک شرکت کی اجلاس کو انڈس ہسپتال کے حکام کی جانب سے بلوچستان میں طبی سہولیات کی فراہمی پر پیشرفت سے متعلق بریفنگ دی گئی اجلاس کو انڈس (باقی صفحہ 2 نمبر 38)

کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی سے رکن صوبائی اسمبلی عبید گورگیج ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد، جسٹس محمد علی مظہر نیشنل جوڈیشل آٹومیشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاک فوج جرات کے ساتھ بھارت کو جواب دیا سلام پیش کرتی ہوں، شازیہ مری

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی کے اجلاس میں | پیپلز پارٹی کی رہنما شازیہ مری نے قومی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاک فوج نے جس جرات کے ساتھ بھارت کو جواب دیا اس پر سلام پیش کرتی ہوں بھارت پہلگام واقعے کے حوالے سے بغیر (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

ڈرون حملوں کے بعد بھارت کیخلاف کارروائی یقینی ہوگئی، وزیر دفاع

امریکا پاکستان اور بھارت کے درمیان کشیدگی میں کمی کے لیے بین الاقوامی کوششوں کی قیادت کر رہا ہے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ بھارت کی جانب سے پاکستان میں ڈرون حملوں کے بعد جوابی کارروائی یقینی ہوگئی ہے، پاکستان جواب میں بھارت کی فوجی تنصیبات کو نشانہ بنائے گا۔ رپورٹ کے مطابق برطانوی خبر رساں ادارے سے گفتگو میں ان کا کہنا تھا کہ کشیدگی میں کمی کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہی اور پاک بھارت تنازع بند گلی میں داخل ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی ڈرون حملے کے بعد بھارت پر پاکستانی کی جوابی کارروائی یقینی ہوگئی ہے، بھارتی ڈرونز سے پاکستانی فوجی تنصیبات کو کوئی نقصان نہیں پہنچا۔ وزیر دفاع نے بھارتی دعوے کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ بھارتی ڈرونز سے لاہور کے دفاعی نظام کو کوئی نقصان نہیں ہوا، پاکستان جوابی کارروائی میں بھارتی فوجی تنصیبات کو (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

ملک کے دفاع کے لئے ہم ہمہ وقت تیار ہیں، مولانا محمد رمضان مینگل

کوئٹہ (آن لائن) سنی علما کونسل بلوچستان کے صدر مولانا محمد رمضان مینگل نے انڈیا بھارت کی طرف سے کی جانے والی جارحیت کی سخت الفاظوں میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کے دفاع کے لئے ہم ہمہ وقت تیار ہیں اور کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ جاری بیان میں کہا ہے کہ وطن کے دفاع کے لیے ہم سب ایک ہیں ہماری بہادر فوج جو بڑی مضبوطی اور جرات کے ساتھ وطن کے دفاع کے لئے دشمن کے سامنے (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

عمران خان کے خلاف توہین عدالت کیس ریگولر بنچ کو بھجوا دیا گیا

اسلام آباد (جی این ایم) سپریم کورٹ آئینی بنچ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کیخلاف توہین عدالت کیس ریگولر بنچ کو بھجوا دیا۔ تفصیلات کے مطابق جسٹس امین الدین کی زیر سربراہی پانچ رکنی آئینی بنچ نکیس کی سماعت کی۔ جسٹس جمال خان مندوخیل نے استفسار کیا کہ کیا یہ کیس (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

بھارت کی جارحیت پر ترکی پاکستان کے ساتھ کھڑا ہے: صدر اردوان

اسلام آباد/انقرہ (سی ایم لنکس) ترکی کے صدر جب طیب اردوان نے وزیراعظم شہباز شریف سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا اور بھارت کی جانب سے پاکستان اور آزاد کشمیر پر میزا (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

93 فیصد پاکستانیوں کا وطن کے دفاع کیلئے خون کے آخری قطرے تک لڑنے کا عزم

بھارت سے کشیدگی کے باوجود 72 فیصد پاکستانیوں نے امن کی بات کی، جنگ کو نقصان دہ قرار دیتے ہوئے پیچھے ہٹنے کا مشورہ دیا

اسلام آباد (جی این ایم) بھارتی جارحیت کیخلاف پاکستانی عوام متحد ہیں، 93 فیصد پاکستانیوں نے وطن عزیز کے دفاع کے لیے خون کے آخری قطرے تک لڑنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ گیلپ پاکستان نے نیا سروے جاری کیا ہے جس کے مطابق 93 فیصد پاکستانیوں نے وطن عزیز کے دفاع کیلئے خون کے آخری قطرے تک لڑنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ گیلپ سروے (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سینیٹر سعید الحسن مندوخیل ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان کسی بھی مہم جوئی کا بھرپور جواب دینے کی صلاحیت رکھتا ہے، غزالہ گولہ

بلوچستان کے باشعور عوام دفاع وطن میں افواج پاکستان کے شانہ بشانہ ہیں، ڈپٹی اسپیکر

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ نے بھارتی میزائل حملوں کو اشتعال انگیزی کی بدترین مثال قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان | کسی بھی مہم جوئی کا بھرپور جواب دینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے جارحانہ رویے نے علاقائی سلا (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

مارچ کی نسبت اپریل میں تجارتی خسارے میں 55.20 فیصد کا بڑا اضافہ

اپریل کے دوران تجارتی خسارہ 3 ارب 38 کروڑ 80 لاکھ ڈالر ریکارڈ کیا گیا

اسلام آباد (آن لائن) مارچ کی نسبت اپریل میں تجارتی خسارے میں 55.20 فیصد کا بڑا اضافہ ہو گیا، دستاویزات کے مطابق اپریل کے دوران تجارتی خسارہ 3 ارب 38 کروڑ 80 لاکھ ڈالر ریکارڈ کیا گیا، گزشتہ سال اپریل کے مقابلے بھی تجارتی خسارے میں 35.79 فیصد (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

الیکشن کمیشن کا چوتھا اسٹریٹجک پلان ایک سنگ میل ہے، علی اصغر سیال

شفاف انتخابی عمل کے لیے افسران کو ٹیم ورک سے کام کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (جی این ایم) صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان علی اصغر سیال نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان کا چوتھا اسٹریٹجک پلان ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے اور یہ ادارے کی ترقی اور انتخابی عمل کی شفافیت کے لیے نہایت اہم ہے۔ یہ بات انہوں نے الیکشن کمیشن کے صوبائی ہیڈکوارٹر (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

پاکستان نے پہلگام واقعہ کی معتبر عالمی تحقیقات کا مطالبہ کیا لیکن بھارت نے پاکستان کی خودمختاری کی خلاف ورزی کی

بھارت کی مرمت کا وقت آگیا ہے، سردار یار محمد رند

اگر بھارت نے حملہ کرکے جنگ شروع کی اور رند قبائل اپنے ملک کی حفاظت کے لئے سرحدوں پر افواج پاکستان کے شانہ بشانہ لڑنے کو مکمل تیار ہے

سبی (اے این این) رند قبائل کے سربراہ سینئر پارلیمنٹرین چیف آف رند سردار یار محمد رندنے بھارت کی جانب سے پاکستان کے شہری علاقوں پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بھارت کا یہ اقدام نہ صرف بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے بلکہ یہ خطے کے امن کو سبوتاژ کرنے کی مذموم کوشش ہے اب بھارت کی مرمت کا وقت آگیا ہے انہوں نے بھارتی افواج کی جانب سے بہاولپور، کوٹلی اور مظفرآباد جیسے پرامن شہری علاقوں کو نشانہ بنانا کھلی جنگی جارحیت اور سفاکیت کی بدترین مثال قرار دیتے ہوئے کہا کہ معصوم عورتوں، بچوں اور بزرگوں کو نشانہ بنانا طاقت نہیں بلکہ کمزوری، بزدلی اور درندگی کی علامت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان ایک ناقابل تسخیر ملک ہے، جو ہر جارحیت کے خلا (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سابق صوبائی وزیر میر فائق خان جمالی ملاقات کر رہے ہیں

ملک کے دفاع کے لئے ہم ہمہ وقت تیار ہیں، مولانا محمد رمضان مینگل

کوئٹہ (آن لائن) سنی علما کونسل بلوچستان کے صدر مولانا محمد رمضان مینگل نے انڈیا بھارت کی طرف سے کی جانے والی جارحیت کی سخت الفاظوں میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کے دفاع کے لئے ہم ہمہ وقت تیار ہیں اور کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ جاری بیان میں کہا ہے کہ وطن کے دفاع کے لیے ہم سب ایک ہیں ہماری بہادر فوج جو بڑی مضبوطی اور جرات کے ساتھ وطن کے دفاع کے لئے دشمن کے سامنے (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

معصوم عورتوں، بچوں اور بزرگوں کو نشانہ بنانا طاقت نہیں بلکہ کمزوری، بزدلی اور درندگی کی علامت ہے

بھارت کی مرمت کا وقت آگیا ہے، سردار یار محمد رند

اگر بھارت نے حملہ کرکے جنگ شروع کی اور رند قبائل اپنے ملک کی حفاظت کے لئے سرحدوں پر افواج پاکستان کے شانہ بشانہ لڑنے کو مکمل تیار ہے

سبی (اے این این) رند قبائل کے سربراہ سینئر پارلیمنٹرین چیف آف رند سردار یار محمد رندنے بھارت کی جانب سے پاکستان کے شہری علاقوں پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بھارت کا یہ اقدام نہ صرف بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے بلکہ یہ خطے کے امن کو سبوتاژ کرنے کی مذموم کوشش ہے اب بھارت کی مرمت کا وقت آگیا ہے انہوں نے بھارتی افواج کی جانب سے بہاولپور، کوٹلی اور مظفرآباد جیسے پرامن شہری علاقوں کو نشانہ بنانا کھلی جنگی جارحیت اور سفاکیت کی بدترین مثال قرار دیتے ہوئے کہا کہ معصوم عورتوں، بچوں اور بزرگوں کو نشانہ بنانا طاقت نہیں بلکہ کمزوری، بزدلی اور درندگی کی علامت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان ایک ناقابل تسخیر ملک ہے، جو ہر جارحیت کے خلا (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

پاک فوج نے دشمن کے 5 طیارے اور 25 ڈرون گرا کر یہ ثابت کردیا ہے، چوہدری نعیم

بھارت جان لے پاکستان امن چاہتا ہے لیکن دفاع پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے گا

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے بھارت کے پاکستان پر حملے کے نتیجے میں بے گناہ افراد کی شہادت کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاک فو | نے دشمن کے 5 طیارے اور 25 ڈرون گرا کر یہ ثابت کردیا ہے کہ پاک فوج ملک کے دفاع کیلئے ہمہ وقت تیار ہے، پاکستانی عوام بھارت کو بتا دینا چاہتے ہیں کہ عوام پاک (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

کاؤنٹ ڈاؤن شروع، بھارت کو جواب دیں گے، پاکستانی ہائی کمشنر ڈاکٹر محمد فیصل

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستانی ہائی کمشنر ڈاکٹر محمد فیصل نے خبردار کیا ہے کہ بھارتی حملوں کا جواب دینے کیلئے کاؤنٹ ڈاؤن شروع ہوگیا ہے، امن پہلی ترجیح ہے لیکن بھارت کو جواب دیں گے۔ برطانیہ میں تعینات پاکستانی ہائی کمشنر ڈاکٹر محمد فیصل نے سکائی نیوز کو انٹرویو میں کہا کہ پاکستان نے بارہا پہلگام واقعے کی عالمی سطح پر تحقیقات میں تعاون کی پیشکش کی، پاکستان کی (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

کوئٹہ، صوبائی مشیر ڈاکٹر رابیہ بلیدی سے بلوچستان کی ہونہار بیٹی فرح یوسف ملاقات کر رہی ہیں

روزنامہ صدائے اوئس (2) 9 مئی 2025ء

صدائے اوئس

شہر شہر

تجارتی وسفری سہولتیں

صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات میر شعیب نوشیروانی نے کہا ہے کہ خاران کے عوام سے کیے گئے وعدوں پر من وعن عملدرآمد جاری ہے۔ خاران ٹو احمد وال روڈ کے بعداب خاران ٹو ہیسم روڈ کی تعمیر سے عوام کو سفری سہولتیں ملیں گی اور کاروباری سرگرمیوں میں بھی بہتری آئے گی۔ یہ بات انہوں نے نوشیروانی ہاس میں حاجی بشیر احمد شاہوزئی، امانت حسرت، ایڈووکیٹ امداد احمد پیرکزئی، ایڈووکیٹ وسیم اکرم قمبرانی ودیگر سے ملاقات کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان یونیورسٹی سب کیمپس خاران کو درپیش مسائل کی ترجیحات میں شامل ہیں۔ حالیہ دنوں کیمپس کے طلباء واساتذہ کے لیے ہاسٹل، ڈی ڈی اوکوڈ بجلی کے ٹرانسفارمر اور ملازمین کی تنخواہوں کی مد میں ڈھائی کروڑ روپے ریلیز کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تونسی بجلی کے فروغ کے لیے یونیورسٹیوں کا اہم کردار ہوتا ہے، جو نہ صرف ہنرمند افراد تیار کرتی ہیں بلکہ تحقیق، ادارہ سازی، شعوری ارتقا میں بھی رہنمائی فراہم کرتی ہیں۔

(1) کاروبار قابل تنہیں ہے۔ ہم موجودہ حالات میں مزید ٹھوس اور واضح اقدامات کی ضرورت ہے۔ ہمیں ایک ایسا نظام بنانا ہوگا جس میں ہر فرد کے جائز حقوق محفوظ ہوں اور کسی کے ساتھ ظلم نہ ہو۔ ہم نے کہا کہ ہمارے ملک میں ہر سال ہزاروں خواتین کو غیرت کے نام پر قتل کیا جاتا ہے، جو ہمارے معاشرے کے ماتھے پر کلنک کا ٹیکہ ہے۔ ہم نے کہا کہ ہمیں ایسے قوانین بنانے ہوں گے جو ایسے مجرموں کو سخت سزا دیں تاکہ کسی اور کو ایسا کرنے کی ہمت نہ ہو۔ ہم نے کہا کہ ہمیں ایسے قوانین بنانے ہوں گے جو ایسے مجرموں کو سخت سزا دیں تاکہ کسی اور کو ایسا کرنے کی ہمت نہ ہو۔

(2) چیز آئی ہے اس کی مثل اور کسری محرابی کی جانی ہے۔ ڈی ڈی او اس ایس پی ژوب نے کہا کہ بھارت سے جواب آنا چاہئے کہ اس نے کشمیر میں 15 مقامات کو نشانہ بنایا ہے، یہ محض ایک کہانی اور جھوٹ پر مبنی پروپیگنڈا ہے۔ اس دعوے پر بھارتی حکومت سے سوال کرنا ہوں کہ وہ 21 درجن صدی میں ہمیں یہ بتائیں کہ دورس دورے ہیں۔ ترجمان پاک فوج نے کہا کہ بھارت کو اب جھوٹ اور سنسنی سے نکل کر اصل اور درجی جوڑی جاری ہیں وہ بتائیں۔ انہوں

(1/1)

ساتھ دشمن کے سامنے کھڑی ہے، پوری قوم ان کی پشت پر ہے۔انہوں نے دعویٰ کیا کہ دشمن کا وقاع فرض بھی اور ہماری ایمانی حق بھی ہے، قوم دشمن کو ہر جارحیت کا جواب دینے کے لیے سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہے۔واضح رہے کہ ایک روز قبل ہی یوآئی سے برادرانہ ملاقات کی تھی جس میں دونوں کے زیر جارحیت کے خلاف مشترکہ حکمت عملی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ان موقع پر انہوں نے کہا کہ وہ بھارتی جارحیت کا دنیا کے سامنے پردہ چاک کرنے کے لیے تیار ہے انہوں نے کہا کہ بھارت کو ہر محاذ پر ان شاءاللہ شکست ہوگی۔

(1/2)

بھارتی مظالم کی مذمت کرتے ہوئے عالمی برادری سے فوری ٹوئس لینے کا مطالبہ کیا اور کہا کہ پاکستان کی خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ریلی پرامن طور پر اختتام پذیر ہوئی۔

(1/3)

پر بھی دعائے مغفرت کی گئی۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی ناظم مقام وصوفی الحسن نے کہا کہ بھارت کی مسلسل جارحیت کے خلاف 15 اور 16 مئی کو پورے بلوچستان میں "اظہار تشکر" نامی ریلیاں منعقد کی جائیں گی۔ اسرائیلی مزدور یونین کے ساتھ تجارت، دشمنی اور بدترین کاروائیوں پر بھاری قیمت چکانا پڑے گی۔ ملک کا دفاع مسلمانوں کا مذہبی فریضہ ہے۔ بھارت غلط فہمی میں نہ رہے، جارحیت کا ہر وار منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ اجلاس سے مولانا عبدالرحیم زیدی، مولانا عبدالواحد ہزاروی، مولانا عبدالرؤف ربانی، مولانا عبدالحکیم بلوچ، مولانا عبدالقیوم ہزاروی، مولانا عبدالرحمٰن باچا، مولانا عبدالحلیم حقانی، مولانا عبدالرؤف ربانی، مولانا عبدالحلیم بلوچ، مولانا عبدالرحمٰن کیلانی، مولانا عبدالرحمٰن اشرفی، مولانا عبدالرحمٰن باچا، مولانا عبدالرحمٰن

بھارتی کا فالس فلیگ ڈرامہ فلاپ ہے، بلال احمد مندوخیل

بھارت کی جانب سے ایک مرتبہ پھر فالس فلیگ آپریشن کے ذریعے جھوٹ کا ایک نیا ڈرامہ رچایا گیا ہے

خطے کے امن کو بھی خطرے میں ڈال دیتا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان امن چاہتا ہے، مگر کمزوری نہیں دکھائے گا

کوئٹہ (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے پاکستان کی افواج، ریاستی ادارے اور عوام مکمل طور پر متحد اور تیار ہیں، بلوچستان کی عوام سے مکمل تعاون حاصل ہے، پاک فوج کے سپاہ سالار قاسم سے ایک اہم ملاقات کی، ملاقات میں ملکی سلامتی کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، ملاقات میں ملک کی داخلی و خارجی صورتحال پر بھی